محترم کمیونٹی ممبر،

نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) میں بچوں اور نوجوانوں کے ساتھ خصوصی نگہداشت صحت کی ضروریات (Children and Youth with Special Health Care Needs, CYSHCN) پروگرام نگہداشت صحت کی خصوصی ضروریات والے بچوں اور نوجوانوں کے لئے صحت کی خدمات اور کمیونٹی وسائل کے بارے میں معلومات اور حوالہ جات فراہم کرتا ہے۔ خدمات کے لیے اہل ہونے کے لئے، افراد کی عمر 21 سال سے کم ہونی **چاہیے**؛ NYC میں رہائش پذیر ہونا چاہیے؛ اور ان کی تشخیص ہو چکی ہونی چاہیے یا ان کے بارے شبہ ہونا چاہیے کہ وہ کسی ترقیاتی، جسمانی، فکری، جذباتی یا رویے کی حالت میں ہیں۔

2021 سے، CYSHCN پروگرام نے NYC کے 470 سے زیادہ بچوں کو معلومات اور حوالہ جات فراہم کیے ہیں جن میں آٹزم، بولنے میں تاخیر، سیکھنے میں مشکلات اور طرز عمل کی کیفیات ہیں۔ CYSHCN پروگرام کے انٹیک ماہرین اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ایک مساوی اور جامع عمل کا استعمال کرتے ہیں کہ ہر بچے کو کیئر کوآرڈینیشن اور وسائل حاصل ہوں جن کی انہیں ضرورت ہے۔ پروگرام بچے کی صحت کی موجودہ صورتحال، وہ کون سی خدمات حاصل کر رہے ہیں اور ان کی ترجیحی زبان کی وضاحت پیش کرتا ہے۔ یہ بچے کے والدین، سماجی کارکن یا دوسرے فراہم کنندہ کو وسائل کی ایک ذاتی فہرست فراہم کرتا ہے، اور کچھ ہی دیر بعد اس بات کا تعین کرنے کے لیے فالو اپ کرتا ہے کہ آیا خدمات کا ربط کامیاب رہا یا مزید مدد کی ضرورت ہے۔

CYSHCN پروگرام امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر **مفت** ہے اور دستیاب ہے۔ نیز، یہ صحت کے بیمہ کے خواہاں خاندانوں کو NYC محکمہ صحت کے صحت کے بیمہ کے دفتر کی خدمات کے اندراج مشیروں سے مربوط کرتا ہے۔

رکاوٹوں کو کم کرنے اور خدمات تک رسائی بڑھانے کے لیے، CYSHCN پروگرام کا عملہ انگریزی اور ہسپانوی بولتا ہے اور تمام اضافی زبانوں کے لیے مترجم فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، عملہ ہیلتھ فیئرز اور کمیونٹی سے ملحقہ ایونٹس سے روابط بڑھانے میں پریزنٹیشنز کا انعقاد کرتا ہے اور ان میں شرکت کرتا ہے۔

اگر آپ کو پروگرام کے بارے میں مزید مواد کی ضرورت ہے یا پروگرام میں خاندانوں سے رجوع کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے347-396-4600 پر یا cyshcn@health.nyc.gov پر رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health/children-youth-special-health-needs ملاحظہ کریں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔

مل کر کام کرنے سے، ہم NYC کے ایسے بچوں کی تعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں ج و اپنی ضرورت کی خدمات اور مدد حاصل کرتے ہیں۔

مخلص،

*Aisha Greene*

Aisha Greene
سینئر پروگرام منیجر
نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت